askaribank LIMITED

# عسکری بینک لمیٹڈ

## ڈائریکٹران کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (4)159 کے تحت عسکری بینک لمیٹڈ (''بینک'') کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کی تعمیل میں درج ذیل افراد، اپنے آپ کو، ٹوپی رکھ کمپلیکس (گلیکسی ہال)، آرمی ہیریٹیج فاؤنڈیشن، ایوب نیشنل پارک، جہلم روڈ، راولپنڈی میں 29 مارچ 2023 بوقت صبح 11:00 بجے منعقد ہونے والے بینک کے سالانہ اجلاس عام میں ڈائریکٹران کے طور پر انتخاب کیلئے پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

**(1) مسٹر وقار احمد ملک (2) مسٹر سرفراز احمد رحمان (3) مسٹر عارف الرحمٰن (4) ڈاکٹر ندیم عنایت (5) سیّد بختیار کاظمی**

**(6) مسٹر منظور احمد، NIT کے نامزد کردہ (7) مسٹر کامران یوسف مرزا (8) مس زویا محسن ناتھانی (9) مس ثمینہ رضوان (10) راجا محمد عباس**

چونکہ انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے مطابق بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ تعداد سے زیادہ نہیں ہے، لہٰذا مذکورہ افراد کو آئندہ سالانہ اجلاس عام میں ''عسکری بینک لمیٹڈ'' کے ڈائریکٹران کی حیثیت سے منتخب تصور کیا جائیگا، جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری سے مشروط ہوگا۔

مزید برآں، بینک کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 131، جسے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)188 کیساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے مطابق بینک کے صدر اور چیف ایگزیکٹیو مسٹر عاطف ریاض بخاری بینک کے ڈائریکٹر تصور کیے جائیں گے۔

راولپنڈی

مورخہ 22 مارچ 2023

حسب الحکم بورڈ

**سید علی صفدر نقوی**

کمپنی سیکریٹری

## عسکری بینک لمیٹڈ

## الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت اور اسپیشل بزنس پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا طریقہ کار

عسکری بینک لمیٹڈ ''بینک'' کے ممبران کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں ترمیم شدہ نوٹیفکیشن مورخہ 05 دسمبر 2022 کے ذریعے، جو کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے ذریعے جاری کیا گیا ہے، جس میں، SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حق فراہم کریں اور اسپیشل بزنس کے زمرے میں آنے والے تمام بزنسز پر ممبران کو ڈاک کے ذریعے ووٹ کا حق فراہم کریں۔

اس کے مطابق، عسکری بینک لمیٹڈ کے اراکین کو 29 مارچ 2023 صبح 11:00 بجے منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں ضروریات اور مذکورہ ضوابط میں موجود شرائط کے تحت الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

اراکین کی سہولت کیلئے، بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور یہ بینک کی ویب سائٹ www.askaribank.com.pk پر بھی ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے۔

### ای۔ووٹنگ کا طریقہ کار:

a- ای۔ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات بینک کے ان اراکین کیساتھ ایک ای میل کے ذریعہ شیئر کی جائیں گی، جن کے درست CNIC نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس بینک کے ممبران کے رجسٹر میں مورخہ 21 مارچ 2023 کو بزنس کے اختتام تک دستیاب ہوں گی۔

b- ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، رجسٹرار کی طرف سے بذریعہ ای میل اراکین کو بتائی جائیں گی۔ CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای۔ووٹنگ سروس فراہم کنندہ کی حیثیت سے) کے ویب پورٹل سے SMS کے ذریعہ اراکین کو سیکورٹی کوڈز کی اطلاع دی جائیگی۔

c- ای۔ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت، الیکٹرونک سگنیچر یا لاگ اِن کیلئے تصدیق کے ذریعے کی جائیگی۔

d- اراکین 24 مارچ 2023 صبح 09:00 بجے سے 28 مارچ 2023 تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ ڈالیں گے، ووٹنگ 28 مارچ 2023 کو شام 5:00 بجے بند ہوگی۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

### پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار

a- اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کیساتھ درست طریقے سے پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بینک کے کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ پوسٹ 4th فلور، پلاٹ نمبر 18، NPT بلڈنگ، F-8 مرکز، اسلام آباد پر پہنچیں یا ای میل ir@askaribank.com.pk پر سالانہ اجلاس عام سے ایک دن قبل 28 مارچ 2023، کے دفتری اوقات کار کے دوران پہنچ جائیں، بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر ثبت دستخط سے مماثلت رکھتے ہوں۔

askaribank LIMITED

## عسکری بینک لمیٹڈ

بروز بدھ 29 مارچ 2023 صبح 11:00 بجے، ٹوپی رکھ کمپلیکس (گلیکسی ہال)، آرمی ہیریٹیج فاؤنڈیشن، ایوب نیشنل پارک، جہلم روڈ، راولپنڈی میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے اسپیشل بزنس میں ووٹنگ کیلئے بیلٹ پیپر۔

ویب سائٹ www.askaribank.com.pk

| | |
|---|---|
| فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| موجود شیئرز کی تعداد | |
| CNIC / پاسپورٹ نمبر (اگر غیر ملکی ہوں تو) (کاپی منسلک کریں) | |
| **اضافی معلومات اور انکلوژرز (باڈی، کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں** | |
| دستخط کے مجاز فرد کا نام | |
| دستخط کے مجاز کا CNIC / پاسپورٹ نمبر (اگر غیر ملکی ہوں تو) (نقل منسلک کریں) | |

### قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق، 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کیلئے بونس شیئرز کے اجرا، ہر 100 شیئرز کیلئے 15 آرڈینری شیئرز، یعنی بینک کے شیئر ہولڈرز کیلئے 15% کے تناسب سے بونس شیئرز جاری کرنے کی منظوری پر اگر مناسب سمجھا جائے تو غور کرنا۔

### پول کیلئے ہدایات

1- براہ کرم متعلقہ باکس پر ✔ کا نشان لگا کر اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔

2- دونوں باکسز پر ✔ کا نشان لگانے کی صورت میں آپ کا پول ''مسترد'' تصور کیا جائیگا۔

میں/ ہم، مندرجہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ کے ذریعے استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ✔ کا نشان لگا کر قرارداد پر میری/ اپنی رضامندی یا اختلاف کا اظہار کرتا ہوں/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں۔

| قرارداد | میں/ ہم (حق) قرارداد کی منظوری دیتے ہیں | میں/ ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں (خلاف) |
|---|---|---|
| ایجنڈا آئٹم: مندرجہ بالا میں بیان کردہ | | |

نوٹس: 1- باقاعدہ پُر کیا گیا بیلٹ پیپر، بینک سیکریٹری عسکری بینک لمیٹڈ کو 4th فلور، پلاٹ نمبر 18، NPT بلڈنگ، F-8 مرکز، اسلام آباد پر بھیجا جائے یا ir@askaribank.com.pk پر ای میل کیا جائے۔ 2- پوسٹل بیلٹ فارم کیساتھ CNIC / پاسپورٹ کی نقل (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) منسلک کریں۔ 3- بیلٹ پیپر، کمپنی سیکریٹری کو بروز منگل، 28 مارچ 2023 تک دفتری اوقات کار کے اندر پہنچ جائیں، اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی بیلٹ پیپر ووٹنگ کیلئے غور نہیں کیا جائیگا۔ (4) بیلٹ پیپر کے دستخط کا CNIC / پاسپورٹ پر کئے گئے دستخط کیساتھ مماثلت ہونی چاہئے۔ (5) نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، ملٹی لیٹڈ، اوور ریٹن پول پیپر، مسترد کر دیا جائیگا۔ (6) باڈی، کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کا ایک نمائندہ ہونے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 138 یا 139 جو بھی قابل اطلاق ہو، کے مطابق، بیلٹ پیپر کے ہمراہ لازمی طور پر مجاز فرد کے CNIC کی ایک نقل، بورڈ قرارداد کی تصدیق شدہ نقل/ پاور آف اٹارنی/ اتھارائزیشن لیٹر وغیرہ منسلک ہونا چاہئے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ ہونے کی صورت میں، تمام دستاویزات، قونصل جنرل آف پاکستان سے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے جو ممبر پر دائرہ اختیار رکھتا ہے، بیلٹ پیپر فارم بینک کی ویب سائٹ www.askaribank.com.pk پر بھی موجود ہے۔ (7) بیلٹ پیپر فارم بینک کی ویب سائٹ www.askaribank.com.pk پر بھی دستیاب ہے، ممبرز، بیلٹ پیپر ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اور یجنل/ اخبار میں شائع شدہ کی فوٹو کاپی بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

تاریخ: ____________

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کے دستخط/ مجاز دستخط کنندہ

(کارپوریٹ، Entity براہ کرم کمپنی کی اسٹامپ ثبت کریں)

Created by Universal Document Converter